سوال

(202)قرآن کا اجرت کے ساتھ تراویح میں سننا جائز ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سننا قرآن کا اور پڑھنا اجرت کے ساتھ نماز تراویح میں جائز ہے یا نہیں ،ایسی تراویح کا ثواب ہوگا یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

سننا قرآن کا اور پڑھنا اُجرت کے ساتھ نماز تراویح میں جائز ہے اور ثواب ہوگا۔ عند اللہ الائمۃ الثلاثہ وعامۃ اہل حدیث خلافاً للحنفیہ کما فی الکتب الدینیۃ ،واللہ اعلم بالصواب۔ (سید محمد نذیر حسین) (سید محمد عبدالسلام غفرلہ) (سید محمد ابوالحسن)

ہوالموفق :

بعض ائمہ سلف سے ثابت ہے کہ وہ اجرت کے ساتھ تراویح کا پڑھنا اور سننا جائز نہیں رکھتے تھے۔ امام احمد بن حنبل سے اس امام کے بارے میں سوال کیا گیا جو لوگوں سے کہے کہ اتنے روپیہ پر تم لوگوں کو رمضان میں تراویح پڑھاؤں گا ، آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ سے عافیت کا سوال کرتا ہوں ایسے امام کے پیچھے کون نماز پڑھے گا۔ عبداللہ بن مبارک فرماتے ہیں کہ میں مکروہ سمجھتا ہوں کہ اجرت کے ساتھ نماز پڑھی جائے اور فرمایا ڈرتا ہوں کہ ان لوگوں پر نماز کا اعادہ واجب ہو ، مصعب نے عبداللہ بن معقل کا حکم کیا کہ رمضان میں جامع مسجد میں لوگوں کو نماز پڑھائیں پس جبک افطار کیا تو مصعب نے پانچ سو درہم اور ایک حلہ عبداللہ بن معقل کے پاس بھیجا تو انہوں نے واپس کر دیا اور کہا کہ میں قرآن پر اجرت نہیں لیتا۔ ک ذافی قیام اللیل لمحمد بن نصر المروزی۔ میرے نزدیک انہیں بعض ائمہ سلف کا قول قابل قبول ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ کتبہ محمد عبدالرحمٰن المبارکفوری عفاء اللہ عنہ۔

فتاوی نذیریہ

جلد01ص642

محدث فتویٰ